PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

ماضی کو دیکھنا اور مستقبل پر نظر

مکرمی اہل خانہ اور عملہ،

یہ یقین کرنا مشکل ہے کہ ہم ایک اور تعلیمی سال کے اختتام تک پہنچ چکے ہیں! یہ وقت ہمیشہ رک کر اور غور کرنے کے لیے اہم ہے، اور ہم نے بہت زیادہ پیش رفت کی ہے۔

محض اس ہفتے میں ہم نے NYC Solves کا علان کیا ہے جو ریاضی کی تعلیم کی تشکیل نو کے لیے ایک آغاز کار ہے جس کو آٹھ اضلاع میں 93 مڈل اسکولوں اور 420 ہائی اسکولوں کو فراہم کیا جائے گا۔ ہم نے اپنے نئے تشکیل کردہ Division of Inclusive and Accessible Learning (DIAL)، کا اعلان بھی کیا ہے جو ڈپٹی چانسلر Christina Foti کی زیر قیادت معذوری کے حامل طلبا اور کثیر لسانی متعلمین کی معاونت کرے گا۔

یہ اعلانات پورے سال کی پیشرفت کی بنیاد پر ہیں جس کا آغاز NYC Reads سے ہوتا ہے۔ تعلیمی سال 2023-2024 میں تدریس توجہ کا مرکز تھی۔ ہم نے تقریباً اپنے آدھے اضلاع کے ایلیمنٹری اسکولوں میں اور ہمارے 90% ابتدائی طفلی پورٹ فولیوز میں ثبوت پر مبنی نصاب کو نافذ کیا تھا، جس کی بنیاد مطالعے کی سائنس تھی۔ میں پرجوش ہوں کہ ہمارے مطالعے کا آغاز کار اس موسم خزاں میں تمام ایلیمنٹری اسکولوں اور ابتدائی طفلی کلاس رومز میں نافذ العمل ہوگا۔

ہم نے اپنے کالج اور طرز معاش کی راہوں کے کام میں بھی نمایاں پیش رفت کی ہے۔ اس انتظامیہ کے آغاز سے اب تک، ہمارے طلبا Northwell Health اور Google جیسی چوٹی کی کمپنیوں میں بامعاوضہ کام کے ذریعے 8.2 ملین ڈالر کما چکے ہیں۔ اس سال، ہم نے ہمارے FutureReadyNYC پروگرام کے ذریعے کاروبار، ٹکنالوجی، تعلیم، صحت سے متعلق طرز معاش کے لیے 10,000 سے زائد طلبا کو تیار کرنے کا آغاز کیا تھا، اور پہلی دفعہ ہائی اسکول کے ہر سینئر طالب علم نے SUNY اور CUNY دونوں سے خطوط موصول کیے تھے جو تصدیق کرتے ہیں کہ ان کی یونیورسٹیوں میں ان کے لیے جگہ دستیاب ہے۔

لیکن کامیابیوں کا اختتام یہاں پر نہیں ہوتا۔ اس کے علاوہ ہم نے:

- آٹھ سالوں میں پہلی بار ہمارے اندراج میں، ساتھ ہی ریاضی کی مہارت میں 12% اور ELA میں 3% اضافہ ہوتے ہوئے دیکھا ہے جو کہ پوری ریاست سے بہتر ہے۔
- 487 محفوظ رسائی والے دروازوں پر تالوں کی تنصیب مکمل ہو چکی ہے۔
- ستمبر میں نو نئے اسکول کھولنے کا اعلان کیا گیا تھا، بشمول کوئنز میں Motion Picture Tech High School اور Bard High School Early College بروکلن میں۔
- ہم نے اپنے پہلے موسیقیاتی عملی اقدامات کے دنوں (کے آغازکار) کا آغاز کیا تھا اور ہمارے K-12 اسکولوں میں کرب سائیڈ کامپوسٹنگ 100% تک پہنچ چکی ہے۔
- پراجیکٹ PIVOT کو 257 اسکولوں تک وسعت دی ہے۔
- معذوری کے حامل طلبا کے لیے خاص تعلیم پروگرامنگ میں 1000 سے زائد نشستوں کا اضافہ کیا ہے اور 800 سے زائد پری کنڈرگارٹن خاص تعلیم نشستیں تخلیق کی ہیں۔
- خاندانوں کی ضروریات کی تکمیل کرنے کے لیے پانچوں بروز میں نوزائیدہ، نونہال بچوں، 3K اور پری کنڈرگارٹن ابتدائی طفلی 7000 نشستوں کا اضافہ کیا ہے۔
- ہم نے ہمارے شہر میں میسر متنوع نقطہ نظر سے ہمارے طلبا کو متعارف کروانے کے لیے ہمارے ہڈن وائسز سلسلے کو توسیع دینا جاری رکھا ہے، بمعہ عالمی افریقی انتشار (ڈائسپورا) پر ہڈن وائسز کی اشاعت اور مسلمان اور یہودی امریکی برادریوں پر ہڈن وائسز تخلیق کرنے کے منصوبے کا اعلان۔
- ہم نے اپنے سمر رائزنگ پروگرام میں 110,000 سے زائد طلبا کو نشستوں کی پیشکش کی تھی جس کا آغاز 2 جولائی کو ہوگا۔
- ہم نے اپنے اسکولوں میں 40,000 تارکین وطن طلبا کا کھلے دل کے ساتھ خیر مقدم کیا تھا۔

اس تعلیمی سال پر غور کرتے ہوئے، میں ہمارے اساتذہ، اسکول کے قائدین اور عملے کا نہایت شکر گزار ہوں—آپکی پُرعظمی اور انتھک محنت بے مثالی ہے۔ آپ نے ان کامیابیوں میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے، ایک کنڈرگارٹن کے طالب علم کو ان کا پہلا جملہ پڑھنے کی تعلیم دینے سے لے کر ایک ہائی اسکول طالب علم کی ڈپلومہ کی حصولیابی کی جانب رہنمائی کرنے تک ہمارے 16,000 اسکولوں میں دیگر لاتعداد سنگ میل کو سر کرنے کے ساتھ۔

ہمارے اہل خانہ کی جانب: آُپ کی شراکت داری اور اپنے بچوں کے لیے این وائی سی پبلک اسکولز کا انتخاب کرنے کے لیے آپ کا شکریہ۔ ہم آپ کا ہم پر اعتماد کرنے کے لیے شکریہ ادا کرتے ہیں۔

میں ہمارے والدین کی انجمنوں اور والدین اساتذہ کی انجمنوں، اسکول قیادتی ٹیموں، اجتمائی اور شہر پیما تعلیمی کونسلوں، زمرہ I اسکول اور ضلعی والدین مشاورتی کونسلوں، پینل برائے تعلیمی پالیسی ، اور ہمارے تمام والدین اور برادری کے قائدین کا بھی شکر گزار ہوں۔ براہ کرم اس بات سے آگاہ رہیں کہ میں آپ کے ہمارے اسکولی برادری کے لیے وقف کردہ اضافی وقت اور کوشش کو بہت سراہتا ہوں۔

ایک ساتھ مل کر، آپ سب ہمارے طلبا کے لیے روشن آغاز اور تابناک مستقبل کی تعمیر کرتے ہیں۔ مجھے امید ہے آپ آرام دہ گرمیوں سے لطف اندوز ہونگے۔ میں ابھی سے ستمبر کا منتظر ہوں —بہترین (وقت) ابھی آنا باقی ہے۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:

ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے YouTube پیج پر جائیں۔

NYCPS کی تازہ ترین خبروں کے لیے ہمیں آن لائن X، فیس بُک اور انسٹا گرام پر فالو کریں۔

اور یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔

NYCPS Families: اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے تو برائے مہربانی یہاں ان سبسکرائب کریں۔